**15-04-2024 MONDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS**

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی کانگریس حکومت پر الزام لگایا ہے کہ وہ کسانوں کو نظر انداز کر رہی ہے۔

۲۔دہلی کی ایک عدالت نے دہلی ایکسائز پالیسی اسکام کیس سے جڑے کرپشن کے ایک مقدمہ میں بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کو 23 اپریل تک کے لئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔

۳۔سدی پیٹ میں کسانوں نے ایک پوسٹ کارڈ مہم شروع کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ وہ اسمبلی انتخابات کی مہم کے دوران کانگریس پارٹی کی جانب سے کیئے گئے وعدوں پر عمل کریں۔

اور

۴۔محکمہ موسمیات نے اس سال ملک میں اوسط سے زیادہ مانسون کی پیش قیاسی کی ہے۔

☆☆☆

مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے آج پارٹی کے دفتر میں ریّتو دکشا منعقد کی۔اس موقع پر کشن ریڈی نے اپنے خطاب میں کہا کہ سابقہ حکومت نے کسانوں کے ساتھ ناانصافی کی۔انہوں نے موجودہ کانگریس حکومت پر الزام لگایا کہ اس نے زرعی شعبہ کو نظر انداز کر دیا۔کشن ریڈی نے کہا کہ کانگریس حکومت کسانوں سے کیئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ہوگئی ہے۔انہوں نے کسانوں سے کھوکھلے وعدے کرنے پر چیف منسٹر ریونت ریڈی کو تنقید کو نشانہ بنایا۔انہوں نے تیقن دیا کہ بی جے پی کسانوں کی تائید کرتی رہے گی۔انہوں نے وعدہ کیا کہ زرعی شعبہ کے بہبود کے پروگراموں پر عمل آوری کے لئے بی جے پی دباؤ دالتی رہے گی۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ وعدوں کی تکمیل نہ کرنے پر کانگریس کو جوابدہ بنائیں۔ انہوں نے زرعی شعبہ کی ترقی کے لئے نریندر مودی حکومت کی جانب سے کیئے گئے اقدامات کی ستائش کی۔جن میں رعایتوں کی فراہمی،انفرااسٹرکچر اور کھاد کی بلیک مارکیٹنگ روکنے کے لئے اقدامات شامل ہیں۔

☆☆☆

دہلی کی ایک عدالت نے دہلی ایکسائز پالیسی اسکام کیس سے جڑے کرپشن کے ایک مقدمہ میں بی آر ایس کی ایم ایل سی کویتا کو 23 اپریل تک کے لئے عدالتی تحویل میں بھیج دیا ہے۔3 دن کی پولیس تحویل کے اختتام پر انہیں آج عدالت کے روبرو پیش کیا گیا۔سی بی آئی نے 14 دن کے لئے عدالتی تحویل کی درخواست کی لیکن خصوصی عدالت نے انہیں 9 دن کیلئے عدالتی تحویل میں دے دیا۔سی بی آئی نے عدالت کے سامنے کہا کہ پوچھ تاچھ کے دوران کویتا نے اس کے ساتھ تعاون نہیں کیا۔عدالت سے باہر آنے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کویتا نے کہا کہ وہ سی بی آئی کی تحویل میں نہیں، بلکہ بی جے پی کی تحویل میں ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ سی بی آئی وہی سوالات کر رہی ہے جو بی جے پی کے قائدین عام جلسوں میں پوچھ رہے ہیں۔

☆☆☆

ریاست کے اضلاع پدا پلی، جئے شنکر بھوپال پلی،ملگو، کھمم ،نلگنڈہ، بھدرادری کوتہ گوڑم،سوریہ پیٹ اور محبوب آباد میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ایکا دوکا مقامات پر گرمی کی لہر جاری رہنے کا امکان ہے۔دفتر موسمیات نے بتایا کہ منچریال،نرمل،کریم نگر،پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی،ملگو،کھمم،نلگنڈہ، ورنگل،ہنمکنڈہ،ناگر کرنول، بھدرادری کوتہ گوڑم،سوریہ پیٹ اور محبوب آباد اضلاع میں چہارشنبہ کو بھی یہی صورتحال جاری رہنے کا امکان ہے۔آئندہ دو دن کے دوران اعظم ترین درجہ حرارت میں دوتا تین ڈگری سلسیس کا اضافہ ہوسکتا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا کہ اعظم ترین درجہ حرارت 41 ڈگری سلسیس کل بھدراچلم میں درج کیا گیا۔

☆☆☆

سائبرآبادا سپیشل آپریشن ٹیم نے ایک مقامی کرانہ اسٹور سے 6ہزار 400چاکلیٹوں کے 160 سے زیادہ پاکٹس ضبط کئے ہیں۔اس چھاپہ کے دوران منوج کمارنامی شخص کوگرفتارکرلیا گیا۔ چاکلیٹوں کے علاوہ اس شخص کے پاس سے 4 کلوگرام گانجہ پاؤڈربھی ضبط کیا گیا۔حکام نے بتایا کہ منوج کمار نے کلکتہ سے گانجہ چاکلیٹ خریدے تھے۔اس نے صارفین کو40 روپے میں ایک چاکلیٹ فروخت کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔منوج کمار نے کلکتہ میں ایک تاجر سے یہ چاکلیٹ خریدے۔یہ تاجراس وقت مفرور بتایا جاتا ہے۔

☆☆☆

انفورسمنٹ ایجنسیوں نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلہ سے قبل 4ہزار 650 کروڑ روپے ضبط کئے ہیں۔ یہ ابتک ضبط کی گئی ریکارڈ رقم ہے۔ 2019ء کےلوک سبھا انتخابات کے دوران 3ہزار475 کروڑروپےضبط کئے گئے تھے۔کمیشن نے کہا کہ 45فیصدرقم منشیات کی شکل میں ضبط کی گئی۔ الیکشن کمیشن نے بتایا کہ اِس سال یکم مارچ سے روزانہ ایک سوکروڑ روپےضبط کئے گئے۔کمیشن نے کہا کہ ضبط کی گئی رقم میں اضافہ یہ ظاہر کرتا ہے کہ الیکشن کمیشن ووٹرس کولالچ دینے کی سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھ رہا ہے۔الیکشن کمیشن انتخابی بدعنوانیوں کوروکنے کے اپنے عزم میں پختہ ہے تاکہ تمام پارٹیوں کو مقابلہ کے لئے مساوی مواقع حاصل ہوں۔خاص طور پرچھوٹی اورکم وسائل والی پارٹیوں کومقابلہ کا موقع ملے۔کمیشن نے کہا کہ رقومات کی ضبطی،ترغیبات اورانتخابی بدعنوانیوں سے پاک انتخابات کرانے کے اُس کےعزم کی عکاسی کرتی ہے۔

☆☆☆

سدی پیٹ میں کسانوں نے ایک پوسٹ کارڈمہم شروع کرتے ہوئے چیف منسٹر ریونت ریڈی سے مطالبہ کیا کہ وہ اسمبلی انتخابات کی مہم کے دوران کانگریس پارٹی کی جانب سے کئے گئے وعدوں پرعمل کریں۔کئی کسان ایک جگہ جمع ہوئے اور پوسٹ کارڈس تحریر کرتے ہوئے انہیں چیف منسٹر کی قیامگاہ واقع جوبلی ہلزکوروانہ کیا۔کسانوں نے حکومت پر زوردیا کہ وہ رعیتو بھروسہ کےتحت اپنے وعدے کے مطابق 15 ہزارروپے ادا کریں اورفی کنٹل دھان کے لئے 500روپے بونس فراہم کریں۔کسانوں نے دولاکھ روپے تک کےقرضوں کی معافی اوررعیتو بیمہ کی سہولت کا بھی مطالبہ کیا۔کسانوں نے حکومت پرزور دیا کہ وہ غیرموسمی بارش یاپانی کی قلت کی وجہ سے متاثرفصلوں کے لئے فی ایکر 25 ہزارروپے کا معاوضہ ادا کریں۔راگھاپور، چناکوڈور اور دیگر دیہاتوں کے کسانوں نے چیف منسٹر پوسٹ کارڈروانہ کئے۔

☆☆☆

پولیس نے ہفتہ کی رات وجئے واڑہ میں آندھراپردیش کے چیف منسٹرجگن موہن ریڈی پرپتھرپھینکنے والےملزمین کے بارے میں معلومات فراہم کرنے پر دو لاکھ روپےانعام کااعلان کیا ہے۔جگن موہن ریڈی پراُس وقت پتھراؤ کیا گیاجب وہ ایک روڈ شو سے خطاب کررہے تھے۔اُن کی پیشانی پرزخم آیااور وجئے واڑہ کے سرکاری دواخانہ میں اُن کا علاج کیا گیا۔پولیس نے ملزمین کے بارے میں معلومات فراہم کرنے والےکودولاکھ روپےانعام کا اعلان کیا ہے۔ پولیس نے معلومات فراہم کرنے والےکی شناخت راز میں رکھنےکاوعدہ کیا ہے۔

☆☆☆

نیشنل ہائی ویز اتھاریٹی آف انڈیا نے آج دہلی میں ماحولیات اور جنگلات کی منظوریوں پرایک قومی ورک شاپ منعقد کیا۔اس ورکشاپ کا مقصد ماحول دوست طریقہ کاراختیارکرتے ہوئے ملک کےقومی شاہراہوں کےانفرااسٹرکچرکوتوسیع دینے کے لئے ایک مضبوط بنیاد رکھنا ہے۔اِس ورکشاپ میں پراجکٹس کی منظوریوں اور ماحولیات اور جنگلات پر پڑھنے والے اثرات کوزائل کرنے سے متعلق امور پر تبادلہ خیال ہوا۔اُس کا مقصد ملک بھرمیں ماحول دوست شاہراہوں کاانفرااسٹرکچرتیار کرنا ہے۔این ایچ اے آئی کے چیرمین سنتوش کمار یادو نے پائیدارانفرااسٹرکچرکی تعمیر کےتئیں این ایچ اے آئی کےعزم کااعادہ کیا۔انہوں نے گرین نیشنل ہائی ویز کی تعمیر میں وائلڈلائف کاریڈور، امرت سرودر، شجرکاری کی مہم اور بےکاراشیاء کےاستعمال جیسےاقدامات کا تذکرہ کیا۔ اس ورک شاپ سےڈائرکٹر جنرل آف فاریسٹ جتندرکماراور روڈٹرانسپورٹ اورہائی ویز کےسکریٹری انوراگ جین اوردوسروں نے خطاب کیا۔

☆☆☆

الیکشن کمیشن نے لوک سبھا کے انتخابات کے لئے ان مقامات پر بھی پولنگ اسٹیشن قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے جہاں صرف 10 ووٹرس بستے ہیں۔سی ای او وکاس راج نے یہ فیصلہ اِن اطلاعات کے پیش نظر کیا کہ نومبر 2023ء میں منعقدہ اسمبلی انتخابات کے دوران عوام نے 20 کلومیٹر پیدل چل کر اپنے ووٹ کا استعمال کیا۔ناگرکرنول ضلع کے اچم پیٹ اسمبلی حلقہ کے پنٹا قصبہ اور نلگنڈہ ضلع کے دیورکنڈہ اسمبلی حلقہ کے بڑی گڈ وقصبہ میں صرف دس دس ووٹرس ہیں۔عہدیداروں نے بتایا کہ الیکشن کمیشن ہر پولنگ اسٹیشن پر ڈیوٹی آفیسرس اور پولیس فورس متعین کرے گا اور الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں کی منتقلی کے لئے انتظامات کرے گی۔

☆☆☆

دفتر موسمیات نے اس سال ملک میں اوسط سے زیادہ بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔ارتھ سائنسس کی وزارت کے سکریٹری ڈاکٹر ایم روی چندرن نے آج دہلی میں میڈیا کو جنوب مغربی مانسون سیزن کے دوران بارش کی پیش قیاسی سے واقف کروایا۔انہوں نے کہا کہ جون سے ستمبر تک 106 فیصد بارش کا امکان ہے۔انہوں نے کہا کہ جنوب مغرب، مشرق اور شمال مشرق کی چند ریاستوں میں بارش اوسط سے کم رہ سکتی ہے۔آئی ایم ڈی کے ڈائرکٹر جنرل مرتن جے مہاپاترا نے کہا کہ یکم جون سے 3 ستمبر تک ملک میں بارش کا اوسط 87 سنٹی میٹر رہ سکتا ہے۔